

# مالی بدسلوکی سے نبٹنا۔

## مالی بدسلوکی کیا ہے؟

مالی بدسلوکی سے مراد وہ صورت حال ہے جب دوسرے شخص کو اپنی دسترس میں رکھنے یا اس پر تسلط قائم کرنے کے لیے پیسے کو استعمال کیا جائے۔ مالی بدسلوکی سے لوگ توہین آمیز رشتے میں پھنس سکتے ہیں، اور اس رشتے سے چھٹکارا پانے کا فیصلہ کرنے کی صورت میں مالی بدسلوکی ان کے محفوظ رہنے کی استطاعت پر بھی اثرانداز ہوسکتی ہے۔

## یہ کس قدر عام ہے؟

آسٹریلیا میں، 16% تک خواتین اپنی زندگی میں مالی بدسلوکی کا سامنا کرتیں ہیں[1]، اور اس سے مرد بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔

مالی بدسلوکی تمام سماجی و معاشی اور نسلی پس منظر سے تعلق رکھنے والوں اور تمام جنسی رحجانات کے افراد کو متاثر کرسکتی ہے۔ معذوری کے شکار افراد کو معاشی اور مالی بد سلوکی کا بڑا خطرہ درپیش ہوتا ہے، جس کا سبب دوسروں پر اعتماد اور انحصار، مالی وسائل تک رسائی کا فقدان، سوشل سیکورٹی تک رسائی کے استحقاق میں رکاوٹیں اور مالیات سے نمٹنے کا محدود تجربہ جیسے عوامل ہیں[2]۔

لوگ عام طور پر مالی بدسلوکی کے بارے میں بات کرنے میں شرمندگی محسوس کرتے ہیں اور جذباتی ہوجاتے ہیں۔

مالی بدسلوکی کی علامات کے بارے میں آگاہی حاصل کرنا اہم ہے، یہ معلوم ہو کہ مدد کے لئے کہاں جایا جائے، اور اس خطرے سے دوچار خاندان کے فرد یا دوست کی کیسے معاونت کی جائے۔ اس سے متاثرہ افراد کو بحال ہونے اور اپنی مالی آزادی دوبارہ حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

### مالی بدسلوکی کو پہچاننا

مالی بدسلوکی کے پھیلے ہوئے ہونے کے باوجود اسے پہچاننا مشکل ہوسکتا ہے:

- کئی افراد کے لئے یہ محسوس کرنا مشکل ہوتا ہے کہ وہ مالی بدسلوکی والے رشتے میں رہ رہے ہیں۔
- مالی بدسلوکی آہستگی سے شروع ہوکر وقت کے ساتھ ساتھ بڑھ سکتی ہے۔
- کچھ ثقافتوں میں، یہ قابل قبول ہو سکتا ہے کہ ایک شخص گھر کے تمام مالی معاملات کو اپنے اختیار میں رکھے۔
- کئی دفعہ، پیسے کو نجی معاملہ سمجھا جاتا ہے جس پر کھل کر بات نہیں کی جاتی۔

1 Kutin, Russell, Reid (2017)، آسٹریلیا میں رہنے والے جوڑوں کے مابین مالی بدسلوکی: پھیلاؤ، صحت کی صورتحال، معذوری اور مالی پریشانی، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ جرنل برائے عوامی صحت

2 www.commbank.com.au/content/dam/commbank-assets/support/2021-09/unsw-disability-report-4.pdf

کامن ویلتھ بینک آف آسٹریلیا ABN 48 123 123 124 AFSL اور آسٹریلین کریڈٹ لائسنس 234945۔

## مالی بدسلوکی کی کچھ علامات:

اگر آپ کو یقین سے نہیں معلوم کہ آپ مالی بدسلوکی پر مبنی رشتے میں ہیں یا نہیں ؟
اپنے آپ سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں:

کیا آپ کےساتھی نے آپ کو کبھی بھی نوکری حاصل کرنے یا کام پر جانے سے روکا ہے؟

کیا آپ کے قریبی لوگوں نے کبھی بھی آپ پر دباؤ ڈالا ہے کہ آپ کمانا یا اپنے پیسے خود خرچ کرنا چھوڑ دیں؟

کیا آپ کےساتھی نے چائلڈ کیئر میں معاونت یا چائلڈ سپورٹ کی مد میں رقم کی ادائیگی سے انکار کیا ہے؟

کیا آپ کا\کی ساتھی اس بات کو اپنے اختیار میں رکھتا\رکھتی ہے کہ گھرانے کی تمام کمائی کو کیسے خرچ کیا جائے؟

کیا آپ کا\کی ساتھی اس بات پر نظر رکھتا\رکھتی ہے کہ آپ کیا خرچ کرتے\ کرتی ہیں یا آپ کو خریداری کی تمام رسیدیں دکھانے کا کہتا\کہتی ہے؟

کیا آپ کو کبھی بھی پیسے تک رسائی دینے سے انکار کیا گیا ہے یا آپ کو اپنے یا اپنے بچوں کے بنیادی اخراجات کے لئے پیسے مانگنے پڑے ہیں؟

کیا آپ کو کبھی بھی گھرانے کی کمائی میں اپنا حصہ ڈالنے سے منع کیا گیا ہے؟

کیا آپ کو کہا گیا ہے کہ پیسے کے بدلے میں آپ کوئی کام کردیں یا 'احسان' کردیں؟

کیا آپ پر دباؤ ڈالا گیا ہے کہ آپ اپنےنام پر قرض لیں یا کریڈٹ کارڈ بنوائیں؟

کیا آپ کا\کی ساتھی اپنے یا گھرانے کے مالی معاملات کو خفیہ رکھتا\ رکھتی ہے؟

کیا بڑے مالی فیصلوں میں آپ کی رائے کو نظرانداز کیا جاتا ہے؟

کیا خاندانی کاروبار میں تنخواہ کے بغیر کام کرنے کے لئے آپ پر دباؤ ڈالا جاتا ہے؟

## مدد کیسے حاصل کی جائے

اگر آپ یا آپ کا کوئی واقف مالی بدسلوکی کا شکار ہے، یا اس بارے میں غیریقینی کیفیت میں مبتلا ہے تو متعدد مفت خدمات دستیاب ہیں جن تک آپ رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر کوئی ایمرجنسی ہو یا اگر آپ خود کو محفوظ محسوس نہیں کر رہے ہیں تو ہمیشہ **000** پر کال کریں۔

- پہلے کال کرنے کے پوائنٹ کے طور پر ہم **1800 737 732** پر **1800RESPECT**کو کال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔
  یہ ایک مفت اور رازدارانہ خدمت ہے جو کامن ویلتھ بینک کا حصّہ نہیں ہے۔
- اگر آپ کو کسی زبانی یا تحریری مترجم کی ضرورت ہے تو آپ فون پر تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمت (TIS National) کو **131 450**, پر کال کر سکتے ہیں، اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور ان سے 732 737 1800 پر 1800RESPECT سے رابطہ کرنے کی درخواست کریں۔
- متبادل طور پر، آپ **1800 737 732** پر **1800RESPECT** کو کال کرکے زبانی مترجم کی درخواست کرسکتے ہیں۔
  کاؤنسلر اس کے لئے انتظامات کرے گا۔
- اگر آپ روپے کے تعلق سے فکر مند ہیں تو ، اس کے لیے مفت اور رازدرانہ معانت دستیاب ہے۔ مینس ریفرال سروس کو **1300 766 491** پر کال کریں یا **ntv.org.au** پر آن لائن چیٹ کریں۔

مزید معاونت کے بارے میں جاننے کے لیے، **https://www.commbank.com.au/support/next-chapter.html** پر جائیں

مزید تفصیلی رہنمائی کے لیے **CommBank website** پر پہچانیں اور بازیافت کریں کو پڑھیں۔